## الطاف حسین کا ٹیلی فون پر آصف علی زرداری سے رابطہ، بے نظیر بھٹو کی شہادت پر اظہار تعزیت

## محترمہ بے نظیر بھٹو کی شہادت سے ملک وقوم کا بہت بڑا نقصان ہوا ہے، الطاف حسین

## وقت آگیا ہے کہ ان قوتوں کو پہچانیں جو سیاسی قوتوں کو آپس میں لڑواتی رہی ہیں

## ماضی میں غلط فہمیاں پیدا کر کے ہمیں آپس میں لڑوایا گیا، ہمیں متحد ہو کر ملک کو بچانا ہے، آصف زرداری

لندن۔۔۔ 31، دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان پیپلز پارٹی کے کوچیئرمین آصف علی زرداری کو فون کر کے محترمہ بے نظیر بھٹو کی شہادت پر دلی تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا۔ اس موقع پر جناب الطاف حسین نے کہا کہ محترمہ بے نظیر بھٹو کی شہادت سے ملک وقوم کا بہت بڑا نقصان ہوا ہے جس پر مجھ سمیت متحدہ قومی موومنٹ کا ایک ایک کارکن غمزدہ ہے۔ جناب الطاف حسین نے آصف علی زرداری سے کہا کہ میری تعزیت پیپلز پارٹی کے ایک ایک کارکن تک پہنچا دیں اور محترمہ بے نظیر بھٹو کے تینوں بچوں بلاول بھٹو زرداری، بختاور بھٹو زرداری، آصفہ بھٹو زرداری اور دیگر اہل خانہ تک بھی میری تعزیت پہنچا دیں کہ میں اور متحدہ قومی موومنٹ کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محترمہ بے نظیر بھٹو کو کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے اور ان کے لواحقین اور کارکنان کو صبر جمیل عطا کرے۔ اس موقع پر جناب الطاف حسین نے کہا کہ ماضی میں ہمیں سازشوں کے ذریعہ لڑوایا گیا لیکن اب جبکہ ہم ماضی کی سازشوں کو سمجھ چکے ہیں تو وقت آگیا ہے کہ ہم ان عناصر اور قوتوں کو پہچانیں جو سندھ میں سیاسی قوتوں کو آپس میں لڑواتی رہی ہیں۔ اب ہمیں مل جل کر سندھ اور ملک کیلئے کام کرنا چاہئے اور ملک کو بچانے کیلئے مل جل کر کوششیں کرنی چاہئیں۔ جناب آصف علی زرداری نے تعزیت کرنے پر جناب الطاف حسین کا دلی شکریہ ادا کیا اور کہا کہ میں آپ کی تعزیت اپنے اہل خانہ اور پارٹی کے کارکنوں تک ضرور پہنچاؤں گا۔ انہوں نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ میں آپ کی باتوں سے مکمل اتفاق کرتا ہوں کہ ماضی میں غلط فہمیاں پیدا کر کے ہمیں آپس میں لڑوایا گیا۔ ہم اور آپ مل جل کر سندھ اور ملک کیلئے کام کریں گے۔ ہمیں متحد ہو کر ملک کو بچانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب تک سیاسی قوتیں ایک دوسرے کا احترام نہیں کریں گی کوئی بھی ہمارا احترام نہیں کرے گا۔ آصف زرداری نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ آپ کے دل نے جس طرح ہمارے درد اور غم کو محسوس کیا ہے اس پرسے میں بہت متاثر ہوا ہوں۔

## محترمہ بینظیر بھٹو شہید کی غائبانہ نماز جنازہ امریکہ کی ریاست ورجینیا کے اسلامک سینٹر میں منعقد کی گئی

## پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم کے مقامی رہنماؤں اور ورجینیا میں مقیم پاکستانیوں کی بڑی تعداد کی شرکت

واشنگٹن۔۔۔۔ 31 دسمبر 2007ء

پیپلز پارٹی کی شہید چیئرپرسن محترمہ بینظیر بھٹو کی غائبانہ نماز جنازہ امریکہ کی ریاست ورجینیا کے اسلامک سینٹر میں منعقد کی گئی۔ غائبانہ نماز جنازہ میں پیپلز پارٹی کے مقامی رہنماؤں کے ساتھ ساتھ متحدہ قومی موومنٹ امریکہ کے سینٹرل نگراں عبادالرحمٰن ایڈووکیٹ، ایم کیو ایم امریکہ کے آرگنائزر راعجاز صدیقی، ایم کیو ایم واشنگٹن کے یونٹ انچارج مصباح باسط اور ورجینیا میں مقیم پاکستانیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ غائبانہ نماز جنازہ کے بعد محترمہ بینظیر بھٹو شہید کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی اور انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کے مقامی رہنماؤں نے پیپلز پارٹی امریکہ کے صدر ڈاکٹر منظور جاوید سے ملاقات کی اور ان سے محترمہ بینظیر بھٹو کی شہادت پر ایم کیو ایم کی جانب سے تعزیت کی۔ ڈاکٹر منظور جاوید نے غائبانہ نماز جنازہ میں شرکت کرنے اور دکھ کی اس گھڑی میں تعزیت کیلئے آنے پر ایم کیو ایم کے عہدیداروں کا شکریہ ادا کیا۔

## صوبائی اسمبلی حلقہ پی ایس 115 سے ایم کیو ایم کے نامزد حق پرست امیدوار رضا ہارون کا صدر، لائنز ایریا اور طارق روڈ کا دورہ، دکانداروں سے ملاقات۔نقصانات پر اظہار ہمدردی

کراچی۔۔۔31دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار برائے صوبائی اسمبلی حلقہ پی ایس 115 رضا ہارون نے پیر کے روز صدر، لائنز ایریا، طارق روڈ کا تفصیلی دورہ کیا،نقصانات کا جائزہ لیااوردکانداروں سے ملاقات کر کے ان سے ہمدردی کا اظہار کیا۔انہوں نے شر پسندوں کی جانب سے شہریوں کی املاک کو شدید نقصانات پہنچانے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے متاثرہ دکانداروں سے کو ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا اور کہا کہ وہ اپنا کاروبار جاری رکھیں۔انہوں نے نگراں وفاقی وصوبائی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ گزشتہ تین روز کے دوران مسلح شر پسندوں نے جن بے گناہ شہریوں کی قیمتی املاک کونقصان پہنچایا ہے ان تمام متاثرین کوفی الفور معاوضہ دیا جائے اور شہریوں کی جان و مال کو محفوظ رکھنے کیلئے ٹھوس اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔قبل ازیں رضا ہارون نے صدر اور لائنز ایریا میں پیر کی صبح افواہ کے باعث بند ہونیوالی دکانوں کو کھلوا کر کاروبار زندگی بحال کروایا اور دکانداروں کو ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔اس موقع پر عوام اور دکانداروں نے ایم کیو ایم کے اقدامات کو سراہا اور اشیاء خوردونوش کی خرید وفروخت کا سلسلہ جاری رکھا۔

## ایم کیو ایم بلوچستان کی صوبائی اور تحصیل آرگنائزنگ کمیٹیوں کا سانحہ راولپنڈی پر اظہار افسوس

کوئٹہ۔۔۔31دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ بلوچستان کے صوبائی آرگنائزر محمد یوسف شاہوانی اور آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے سانحہ راولپنڈی میں پاکستان پیپلز پارٹی کی چیئرپرسن محترمہ بینظیر بھٹو سمیت درجنوں افراد کی شہادت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔اپنے مشترکہ تعزیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ محترمہ بینظیر بھٹو کی شہادت قومی سانحہ ہے اور ایم کیو ایم کے کارکنان شہداء کے لواحقین اور پیپلز پارٹی کے کارکنان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ بینظیر بھٹو شہید کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ کرے۔دریں اثناء ایم کیو ایم ضلع خضدار، ضلع جعفر آباد، ضلع نصیر آباد، ضلع گوادر کی ضلعی آرگنائزنگ کمیٹیوں اور تحصیل آرگنائزنگ کمیٹی کوئٹہ، پشین، ڈیرہ مراد جمالی، ڈیرہ اللہ یار، اوستہ محمد، جھل مگسی، لورالائی، زیارت، موسیٰ خیل، زہری اور روڈھ کے ارکان نے بھی سانحہ راولپنڈی میں درجنوں افراد کی شہادت پر دلی رنج وغم کا اظہار کیا ہے اور سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کی ہے۔

☆☆☆☆☆